## اِسمُ اَلَّتصغِیر

Diminutive noun

عرب مختلف قسم کے اظہار کے لیے کچھ اسماء میں تصغیر کا عمل کرتے ہیں۔اس عمل سے مندرجہ ذیل قسم کے اظہار کیے جاتے ہیں۔

For various types of expressions Arabs follow diminution or reduction of some nouns. They denote these expressions:

- قلت کے اظہار کے لیے scantiness / insufficiency
- حقارت کے اظہار کے لیے -humiliation
- قربت اور پیار کے اظہار کے لیے -familiarity and affection
- جسامت کو چھوٹا ظاہر کرنے کے لیے -smallness of size

**اسم تصغیر** بنانے کے لیے **فُعَیْلٌ** کا وزن استعمال کیا جاتا ہے۔فُعَیْلٌ کے وزن کے مطابق پہلا حرف مضموم اور دوسرا حرف پر مفتوح ہوتا ہے۔اور دوسرے حرف کے بعد یاء ساکنہ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔جو **"یاء التصغیر"** کہلاتی ہے۔

For formation of Ism Tasgheer the scale of Fuailun is used. Accordingly the first letter has a dammah and the second has a fatha. Ya Sakinah is added after second letter which is called Ya AlTasgheer.

حَسَنٌ ← فُعَیْلٌ ← اسم تصغیر ← حُسَیْنٌ

كَلبٌ (کتا) سے اسمُ اَلَّتصغِیر کُلَیبٌ (چھوٹا سا کتا)

Dog — Doggy

اِبْنٌ (بیٹا) سے اِسمُ اَلَّتصغِیر بُنَيٌّ ( پیار بیٹے )

Son — Dear son

 © copy rights reserved 

﴿ قَالَ يَا بُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُؤْيَاكَ عَلَى إِخْوَتِكَ ﴾ [12:5]

حضرت یعقوب نے کہا: اے میرے بیٹے! اپنا یہ خواب اپنے بھائیوں سے بیان نہ کرنا

Yaqoob ( AS) said : O my son! Do not relate this dream of yours to your brothers.

**نوٹ:** جن اسماء کے کچھ حروف حذف کر دیئے گئے ہوں تو تصغیر بناتے وقت وہ حروف اپنی اصل حالت میں آجاتے ہیں۔

Note: In some nouns if some letters have been dropped then in their إِسمُ التَّصغِير those letters are added again.

اِبْنٌ کا اصل تھا --------- بَنُوٌ سے اسم تصغیر بُنَيْوٌ واو کو یاء میں بدل کر یاء میں ادغام کر دیا گیا

اِبْنٌ (بیٹا)--------(ب ن و) بَنُو ---------- بُنَيْو ---------- بُنَيْ + يٌ ----------- بُنَيٌّ (چھوٹا سا بیٹا)

The original of Ibnun (son) is Banaoon--------→ Ism Tasgheer Bunaioon ----→ Wow is changed to Ya-----→ Bunaiyun-----→Ya merged into Ya-----→Bunaiyya (dear son).

(میرا بیٹا) اِبْنِي اِبْنٌ + يْ / میرے پیارے بیٹے یا بُنَيَّ

يَا ------ حرف ندا

بُنَيّ ------ منادى + مضاف

يْ ------ (یاء متکلم) مضاف إليه

يَا + بُنَيْ + يٌ + يْ = يَا بُنَيَّ (میرے پیارے بیٹے)

قاعدہ ہے کہ ایک ہی جنس کے تین حرف جمع ہو جائیں تو ایک کو گرادیا جاتا ہے۔ یہاں تین یاء جمع ہو گئیں اس لیے ایک یاء کو گرادیا گیا ہے اس لیے آخری یاء " يْ " پر فتح ہے

The rule is that if three letters from the same kind come together, one of them is dropped. Here three Ya have gathered, so one Ya is dropped and the last Ya has a Fath


© copy rights reserved